01-11-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج چھتیس گڑھ کے 25 ویں یومِ تاسیس کی تقریبات میں شرکت کیلئے، ریاست کا دورہ کریں گے۔ وہ رائے پور میں 14 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج ملیشیاء کی راجدھانی کوالالمپور میں آسیان وزراء دفاع کی بارہویں میٹنگ Plus-میں شرکت کر رہے ہیں۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت-برطانیہ تعلقات کا ارتقاء، پیچیدہ تاریخی میل جول سے لے کر ایک فعال اور امید افزاء شراکت داری تک ہوا ہے۔

4- UIDAIنے، AI، بلاک چین اور کوانٹم کمپیوٹنگ کے ذریعے، مستقبل میں ثبوت کے طور پر، ڈیجیٹل شناخت کو مستحکم بنانے کے، آدھار ویژن 2032 کے فریم ورک کا آغاز کیا ہے۔

5- بھارت نے، خواتین کی صحت مہم سوَستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت 3 گینیس عالمی ریکارڈ قائم کی ہیں۔

6- اور بیڈمنٹن میں، بھارت کی اُنّتی ہُڈّا، جرمنی کے شہر زاربروکِن میں Hylo اوپن کے خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Chhattisgarh Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج چھتیس گڑھ کا ایک روزہ دورہ کریں گے۔ اپنے دورے میں جناب مودی راجدھانی رائے پور میں سِلور جوبلی تقریبات میں شرکت کریں گے، جو اِس ریاست کے قیام کے 25 سال پورے ہونے کے موقعے پر منائی جا رہی ہیں۔

اِس موقعے پر وزیر اعظم 14 ہزار 260 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ ریاست میں قیام کے دوران وہ 4 دیگر پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

V/C - Vikalp Shukla

وزیر اعظم نریندر مودی آج رائے پور میں اپنے دورے میں، شری ستیہ سائیں سنجیونی اسپتال میں ”دِل کی بات“ پروگرام کے حصے کے طور پر، تقریباً ڈھائی ہزار بچوں سے بات چیت کریں گے۔ اِس اسپتال میں، اِن بچوں کے دِل کی پیدائشی بیماریوں کا، کامیاب علاج کیا گیا ہے۔

بعد میں وزیر اعظم پرجا پِتا برہمّا کماری کے شانتی شِکھر کا افتتاح کریں گے، جو روحانیت، امن اور Meditation کا ایک جدید مرکز ہے۔

وزیر اعظم، چھتیس گڑھ قانون ساز اسمبلی کی نئی عمارت کا بھی افتتاح کریں گے اور سابق وزیر اعظم اور بھارت رتن اٹل بہاری واجپئی کے مجسمے کی نقاب کشائی کریں گے۔ اِس کے بعد وہ نوا رائے پور میں شہید ویر نرائن سنگھ کی یادگار اور قبائلی مجاہدِ آزادی کے میوزیم کا افتتاح کریں گے۔

اِس میوزیم میں، چھتیس گڑھ کے قبائلی لوگوں کے حوصلے، قربانی اور وطن پرستی کو نمایاں کیا گیا ہے۔

دوپہر کے وقت وزیر اعظم، چھتیس گڑھ کی سِلور جوبلی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ وہ اِس موقعے پر ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ سڑکوں، صنعت، حفظانِ صحت اور توانائی سمیت مختلف شعبوں سے متعلق اِن پروجیکٹوں پر 14 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ خرچ آئے گا۔×

PM Science

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک سبھی کی کوششوں سے، سائنس اور اختراع کے میدان میں عالمی قیادت کی نئی تشریح پیش کر رہا ہے اور اب ایک پُر اعتماد آتم نربھر بھارت، دنیا کو تحریک دے رہا ہے۔

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کا لکھا ہوا ایک مضمون، جو ایک انگریزی روزنامے میں شائع ہوا ہے، جس میں پچھلے برسوں کے دوران اس میدان میں کی گئی پیشرفت کا ذکر کیا گیا ہے، جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت، ڈیجیٹل انڈیا سے لے کر Deep tech تک اور چندریان سے لے کر بایو ایکونومی وغیرہ تک ریکارڈ قائم کر رہا ہے۔×

Bihar Campaigning

بہار اسمبلی انتخابات میں پہلے مرحلے کی پولنگ کی تاریخ جیسے جیسے قریب آرہی ہے، انتخابی مہم میں بھی شدّت آرہی ہے۔ اٹھارہ ضلعوں کے 121 اسمبلی حلقوں میں اس ماہ کی 6 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ آج NDA ، مہا گٹھ بندھن اور دیگر سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما، کئی

ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ تاہم ریاست کے کئی حصوں میں لگاتار بارش سے انتخابی مہم میں خلل پڑا ہے۔ کل خراب موسم کی وجہ سے کئی سرکردہ اور سینئر سیاسی رہنماؤں کی ریلیاں منسوخ کرنی پڑی تھیں۔

ایک رپورٹ

V/C - Dharmendra

BJPکے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج گوپال گنج، حاجی پور اور سمستی پور ضلعوں میں تین انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ BJP کے صدر جے پی نڈا سیوان اور مظفر پور میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ JD(U) کے قومی صدر اور وزیراعلیٰ نتیش کمار مدھوبنی، سیتامڑھی، مظفر پور اور سارن ضلعوں میں 9 ریلیاں کریں گے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس مظفر پور اور سارن ضلعوں میں NDA رہنماؤں کے ساتھ کئی ریلیوں میں شرکت کریں گے۔

مہاگٹھ بندھن کی طرف سے وزیراعلیٰ کے عہدے کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو مظفر پور، گوپال گنج، سیوان، سارن اور ویشالی ضلعوں میں متعدد انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ کانگریس کی قومی جنرل سکریٹری اور رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی آج سہرسہ میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گی۔

اس دوران پٹنہ ضلع کے مکاما میں انتخابی مہم کے دوران پیش آئے پُرتشدد واقعے میں ایک شخص کی موت کے بعد سیاسی پارٹیوں کے درمیان امن و قانون کی صورتحال پر الزام تراشی کا سلسلہ تیز ہوگیا ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.........

Rev.Rajnath Asean Meeting

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج ملیشیاء کی راجدھانی کوالالمپور میں، آسیان وزراء دفاع کی بارہویں میٹنگ ADMM-Plus-میں شرکت کر رہے ہیں۔ وہ اِس میٹنگ کے 15 سال اور مستقبل کے خاکے سے متعلق نظریات کے بارے میں فورم سے خطاب کریں گے۔

ADMMجنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کی ایسوسی ایشن آسیان میں، دفاع سے متعلق مشاورت اور تعاون کا اعلیٰ ترین ادارہ ہے۔ وزیر دفاع نے کل آسیان-بھارت وزراء دفاع کی دوسری غیر رسمی میٹنگ میں حصہ لیا۔ اِس موقعے پر جناب سنگھ نے خاص طور پر کہا کہ آسیان-بھارت تعلقات آج کی غیر یقینی دنیا میں استحکام کا ایک مضبوط ستون ہے، جہاں بہت سے فرسودہ خیالات اور امیدوں میں تبدیلی آ رہی ہے۔ S/B - Rajnath Singh

Rajnath ADMM Sideliness

اِس سے پہلے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کوالالمپور میں، ADMM-Plusسے الگ، جنوبی کوریا کے اپنے ہم منصب Ahn Gyu-back سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں سنگھ نے بتایا کہ انہوں نے ویتنام کے وزیر دفاع Phan Van Giang سے بھی ملاقات کی۔×

Prez State Formation Days

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آندھرا پردیش، چھتیس گڑھ، ہریانہ، کرناٹک، کیرالہ، لکشدیپ، مدھیہ پردیش، پنجاب اور پدوچیری کے یوم تاسیس پر وہاں کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہر خطے نے ملک کی ترقی میں نمایاں تعاون کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی تمنا کی یہ ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے اپنی ترقی کے سفر میں نئی منزلیں طے کرتے رہیں۔

صدر جمہوریہ نے ان ریاستوں کے لوگوں کی خوشحالی اور بہبود کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

VP in Step

نائب صدر جمہوریہ سی-پی رادھا کرشنن نے عالمی جنوب کے ملکوں کے مابین اہم شراکت داری کے لیے کہا ہے۔ انہوں نے اخلاقی قیادت، ٹکنالوجی کے ذمہ دارانہ استعمال اور عالمی اتحاد پر زور دیا ہے۔

جناب رادھا کرشنن نے یہ بات کل نائب صدر جمہوریہ Enclave میں اہم سرگرمیوں کے تیسرے بین الاقوامی پروگرام IN-STEP کے مندوبین سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

نائب صدر جمہوریہ نے خاص طور پر کہا کہ IN-STEP ایک پہل ہے، جو بھارت اور دوستانہ ملکوں کے قومی سکیورٹی کے سینئر افسران کے لیے اہم مذاکرات کا ایک پلیٹ فارم ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ دنیا میں ایک دوسرے کے ساتھ رابطوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے، جہاں نظریات اور چیلنج، سرحدوں کو بھی پار کر جاتے ہیں۔ لہٰذا بین الاقوامی سرگرمیاں، ایک مشترکہ ذمہ داری بن گئی ہیں۔×

Jaishankar UK

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت-برطانیہ تعلقات کا ارتقاء، ایک پیچیدہ تاریخی میل ملاپ سے ہو کر، ایک فعال اور امید افزاء شراکت داری تک ہوا ہے۔ کل قومی راجدھانی میں برطانیہ کے قومی دن کی تقریبات کے دوران اپنے خطاب میں ڈاکٹر جے شنکر نے خاص طور پر کہا کہ دونوں ملکوں میں نہ صرف ٹکنالوجی سے متعلق سلامتی کے اقدامات کے تحت تعاون کیا ہے، بلکہ اِس میں کنیکٹی وِٹی، AIاور اہم معدنیات کے میدانوں میں بھی گہرائی پیدا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ کی 9 سرکردہ یونیورسٹیوں کو، بھارت میں کیمپس قائم کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔×

Army Chief Young Leaders Forum

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے کہا ہے کہ روایتی مخاصمت، دہشت گردی اور پس پردہ جنگ نیز غلط اطلاعات آج سب سے بڑا خطرہ ہیں۔ نئی دلی میں قومی سلامتی کیلئے، نوجوانوں کو

بااختیار بنانے سے متعلق Young Leaders Forum سے خطاب کرتے ہوئے فوج کے سربراہ نے کہا کہ جنگ اب زیادہ سے زیادہ غیرKinetic اور Non-Contact یا غیر رابطہ ہو رہی ہے۔

انھوں نے زور دے کر کہا کہ Multi-domain چیلنجوں کے اس دور میں قومی سلامتی اور ملک کی تعمیر کو الگ نہیں کیا جا سکتا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس نئے جنگی میدان میں عالمی سطح پر مربوط اور سماجی اعتبار سے باخبر Gen-Z کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔x

Navy Trishul

فوج کی تینوں شاخوں پر مشتمل ایک بڑی کثیرجہتی مشق ''ترشول'' پاکستان سے متصل مغربی سرحد پر جاری ہے۔

نئی دلی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے بحری آپریشن کے ڈائریکٹر جنرل وائس ایڈمیرل اے این پرمود نے کہا کہ یہ فوجی مشق اس ماہ کی 13 تاریخ تک جاری رہے گی۔

وائس ایڈمیرل پرمود نے کہا کہ بھارتی فوج کی جنوبی کمان، بھارتی بحریہ کی مغربی کمان، فضائیہ کی جنوب مغربی ایئر کمان نیز کوسٹ گارڈ، بی ایس این اور دیگر مرکزی ایجنسیاں فوجی مشق ترشول میں حصہ لے رہی ہیں۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

UIDAI Framework

بھارت کی منفرد شناخت کی اتھارٹی UIDAI نے ''آدھار ویژن 2032'' فریم ورک کا آغاز کر دیا ہے۔ اِس کا مقصد AI ، بلاک چین، کوانٹم کمپیوٹنگ اور جدید ترین Encryption کے ذریعے، مستقبل میں ثبوت کے طور پر کام آنے والی ڈیجیٹل شناخت کو مستحکم کرنا ہے۔

الیکٹرانِکس اور IT کی وزارت نے کَل کہا کہ اِس فریم ورک سے، بھارت کے ڈیجیٹل شناخت کے ایکو نظام کی، نئے سرے سے وضاحت کرنے اور اگلی دہائی کے لیے اگلی نسل کی ڈیجیٹل حکمرانی کے عمل میں تیزی لانے کے لیے ایک جامع خاکہ فراہم ہوگا۔

اِس فریم ورک کو تیار کرتے ہوئے ٹکنالوجی سے متعلق سرکردہ شخصیتوں کی ایک اعلیٰ سطحی ماہر کمیٹی سے رہنمائی حاصل کی گئی ہے، تاکہ آدھار کو، ڈیجیٹل شکل میں، ذاتی معلومات کے تحفظ سے متعلق قانون اور سائبر سکیورٹی کے عالمی معیارات کے مطابق استعمال کیا جا سکے۔

وزارت نے مزید کہا کہ یہ خاکہ، ٹکنالوجیکل قیادت کو برقرار رکھنے اور آدھار کو ایک محفوظ، سب کی شمولیت والی اور عوام پر مرکوز ڈیجیٹل شناخت کے طور پر استعمال کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔x

India Health Care Records

بھارت نے، سوَستھ ناری، سشکت پریوان ابھیان مہم کے تحت، 3گینیس ورلڈ ریکارڈ قائم کیے ہیں۔ یہ مہم 17 ستمبر سے پچھلے مہینے کی دو تاریخ تک منعقد کی گئی، جس میں لوگوں نے اتنی بڑی تعداد میں حصہ لیا، جس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔

اِس مہم میں ایک ہی مہینے کے دوران لوگوں نے سب سے بڑی تعداد میں حفظانِ صحت کے ایک پلیٹ فارم پر رجسٹریشن کرایا۔ یہ تعداد 3 کروڑ 21 لاکھ سے زیادہ ہے۔ اِس مہم کے تحت ایک ہی ہفتے میں ابھی تک کی سب سے بڑی تعداد میں لوگوں نے Breast Cancer کی اسکریننگ کے لیے آن لائن رجسٹریشن کرایا۔ اِس مہم میں اسکریننگ کے لیے 9 لاکھ 94 ہزار خواتین نے رجسٹریشن کرایا تھا۔

مہم میں، 5 لاکھ سے زیادہ پنچایت راج نمائندوں، اسکول اور کالج کے ایک کروڑ 14 لاکھ طلبا، اپنی مدد آپ گروپ کے 94 لاکھ ارکان اور سماجی پلیٹ فارم کے دیگر 5 لاکھ ارکان نے شرکت کی۔×

GST Electronics

نریندر مودی حکومت کا اعلان کردہ GST بچت اتسو، جو 22 ستمبر کو شروع ہوا، ملک گیر سطح پر معاشرے کے سبھی طبقے کو فائدہ پہنچا رہا ہے۔

آج ہمارے نامہ نگار ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں کہ کس طرح سے الیکٹرانک سیکٹر میں GST شرح کم ہونے سے صارفین کو مدد مل رہی ہے۔

V/C Adarsh

اگلے سلسلے کی GST اصلاحات سے الیکٹرانک سیکٹر کو راحت ملی ہے کیونکہ اس سے ٹیکس کا بوجھ کم ہوا ہے اور اہم آلات مزید سستے ہوئے ہیں۔ ٹیلی ویژن Monitors اور Projectors پر اب 18 فیصد GST لگ رہا ہے جو پہلے 28 فیصد تھا۔ اس سے گھروں، اسکولوں اور دفاتر کے اخراجات میں کمی ہوئی ہے۔ اسی طرح سے ایئر کنڈیشنر اور Dish Washers پر بھی GST، 28 فیصد سے کم کرکے 18 فیصد کردیا گیا ہے جس سے گھریلو الیکٹرانک سامان تک لوگوں کی پہنچ بڑھی ہے۔ اسی طرح سے سولر پینل اور Composting مشینوں پر پہلے 12 فیصد ٹیکس تھا جسے کم کرکے پانچ فیصد کردیا گیا ہے جس سے ماحولیات سے ہم آہنگ توانائی کی ترقی اور پائیداری کو فروغ مل رہا ہے۔

اس قدم سے گھریلو مینو فیکچرنگ کو مدد ملی ہے، درآمدات پر انحصار کم ہوا ہے اور ان سیکٹرس میں مصنوعات کی فروخت کو تقویت ملی ہے۔

آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......

J&K Darbar Move

جموں کشمیر میں سال میں دو بار ہونے والی تاریخی ”دربار کی منتقلی“ چار سال کے وقفے کے بعد دوبارہ شروع ہوگئی ہے۔ جن دفاتر میں ہفتے میں پانچ دن کام کاج ہوتا ہے، وہ کل سری نگر میں دفترکے اوقات کے بعد بند ہوگئے، جبکہ جن دفاتر میں چھ دن کام ہوتا ہے وہ آج بند ہوں گے۔ تمام

دفاتر پیر کے روز جموں میں کھلیں گے۔ جموں کشمیر سڑک ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے آج اور کَل ملازمین کولے جانے کیلئے، مناسب بندوبست کیا ہے۔ مکمل دربار منتقلی کے تحت وزیراعلیٰ کے سکریٹیریٹ اور دیگر اہم محکموں سمیت 39 دفاتر پوری طرح سے جموں منتقل ہونگے جبکہ 47 محکموں کی محدود منتقلی عمل میں آئے گی۔ دربار منتقلی کا عمل 147 سال قبل ڈوگرا مہاراجہ نے اسٹریٹیجک اور موسم کی وجہ سے شروع کیا تھا اور سالانہ 200 کروڑ روپے کی بچت کیلئے سال 2021 میں اس روایت کو ختم کردیا گیا تھا۔x

IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے آج انڈمان نکوبار جزائر اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ اور بہار میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ گجرات، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطّے، سکّم اور مدھیہ پردیش میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔

محکمہئ موسمیات نے گنگائی بنگال اور اُڈیشہ میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ شمالی کونکن کے ساحلی علاقوں، مشرق-وسطی، شمال-وسطی بحیرہئ عرب کے کچھ حصوں اور انڈومان کے سمندر پر گرج چمک کے ساتھ طوفان کا امکان ہے۔

آلودگی سے متعلق مرکزی بورڈ نے کہا ہے کہ قومی راجدھانی دلّی میں ہوا کا معیار خراب زمرے میں ہے۔ آج صبح سات بجے ہوا کی کوالٹی کا معیار 233 ریکارڈ کیا گیا۔x

Badminton Hylo Open

بیڈمنٹن میں جرمنی کے شہر Saarbrucken میں جاری Hylo Open Super 500 ٹورنامنٹ میں Unnati Hooda خواتین سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ Unnatiنے کل کوارٹر فائنل میں چائنیز تائپے Hsiang-Ti کو بائیں بیس، اکیس تیرہ سے ہرایا۔ فائنل میں جگہ بنانے کیلئے، اب ان کا مقابلہ انڈونیشیا کی ٹاپ سیڈ کھلاڑی Putri Kusuma Wardani سے ہوگا۔ Unnatiبھارت کی واحد کھلاڑی ہیں جنھوں نے ٹاپ 4 میں اپنی جگہ بنائی ہے۔

جبکہ مردوں کے سنگلز کے مقابلے میں گل لکشیہ سین، آیوش سیٹی اور کرن جورج اپنا کوارٹر فائنل مقابلہ ہار گئے۔ x

Health Sec.Norway

مرکزی صحت کے سکریٹری پنیا سلیلا سری واستو نے کل نئی دلی میں بھارت-ناروے شراکت داری پہل NIPI کی سالانہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اس پروگرام میں بھارت میں ناروے کی سفیر May Elin Stenerبھی موجود تھیں۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب سری واستو نے کہا کہ NIPI کوششوں کے ساتھ ہم آہنگی سے کس طرح بہتر نتائج برآمد ہو سکتے ہیں، جبکہ محترمہ Stener نے کہا کہ بھارت کی حکومت نے اس اقدام کے تحت ناروے کی رقم سے 26 گنا زیادہ سرمایہ کاری کی ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان کو صفحہئ اول پر شائع کیا جس میں انھوں نے کہا کہ ”ہماری بیٹیاں جنگی جہاز اڑا رہی ہیں یہ بھارت کی نئی طاقت ہے“۔

روزنامہ پرتاپ نے بھارت کے پہلے وزیر داخلہ سردار ولبھ بھائی پٹیل کے 150ویں یوم پیدائش کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے بیان کو نمایاں کرتے ہوئے لکھا ہے کہ سردار پٹیل ایک عظیم محب وطن، سیاسی بصیرت رکھنے والے رہنما کے طور پر اپنی غیر معمولی، قیادت کے لیے جانے جاتے ہیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اِس بیان کو صفحہئ اول پر شائع کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ”کوالالمپور میں اپنے امریکی ہم منصب سے ملاقات مفید رہی، بھارت اور امریکہ نے دس سالہ دفاعی معاہدہ پر دستخط کیے“۔

”بہار الیکشن کے پیش نظر NDA نے اپنا 25نکاتی منشور جاری کیا“۔ اس خبر کو سبھی اخباروں نے شائع کیا ہے۔

”CBSE کی 10ویں اور 12ویں کے امتحانات کی تاریخوں کا اعلان“۔ 17 فروری سے 19 اپریل تک ہوں گے امتحانات۔ اس خبر کو بھی سبھی اخباروں نے صفحہئ اول پر جگہ دی ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

* عمرہ زائرین کے لئے ویزہ پالیسی میں اہم تبدیلی: سعودی وزارت حج و عمرہ
* شام کی علاقائی سالمیت کا احترام کرتے ہیں: اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل
* ٹرمپ اور پوتن کی ہنگری میں طے شدہ ملاقات منسوخ۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج چھتیس گڑھ کے 25 ویں یومِ تاسیس کی تقریبات میں شرکت کیلئے، ریاست کا دورہ کریں گے۔ وہ رائے پور میں 14 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج ملیشیاء کی راجدھانی کوالالمپور میں آسیان وزراء دفاع کی بارہویں میٹنگ Plus-میں شرکت کر رہے ہیں۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت-برطانیہ تعلقات کا ارتقاء، پیچیدہ تاریخی میل جول سے لے کر ایک فعال اور امید افزاء شراکت داری تک ہوا ہے۔

4- UIDAIنے، AI، بلاک چین اور کوانٹم کمپیوٹنگ کے ذریعے، مستقبل میں ثبوت کے طور پر، ڈیجیٹل شناخت کو مستحکم بنانے کے، آدھار ویژن 2032 کے فریم ورک کا آغاز کیا ہے۔

5- بھارت نے، خواتین کی صحت مہم سوَستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت 3 گینیس عالمی ریکارڈ قائم کی ہیں۔

6- اور بیڈمنٹن میں، بھارت کی اُنّتی ہُڈّا، جرمنی کے شہر زاربروکِن میں Hylo اوپن کے خواتین کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔